بچپن میں ٹیکہ کاریاں

تحفظ کریں اور روکیں

- ٹیکے بہت ساری خطرناک بیماریوں بشمول خسرہ، گلسوئے، کالی کھانسی اور چیچک سے بچوں کا تحفظ کرتے ہیں۔
- جن بچوں کو ٹیکے نہیں لگے ہوتے ہیں وہ اِن خطرناک امراض سے سنگین حد تک بیمار ہو سکتے ہیں یا فوت بھی ہو سکتے ہیں۔
- بالغ افراد کو بھی خود کا اور جو دوسرے لوگ ٹیکہ نہیں لگوا سکتے ہیں ان کا، بشمول نوزائیدہ بچوں، حاملہ افراد اور کمزور نظام مامونیت والے لوگوں کا تحفظ کرنے میں مدد کے لیے اپنی ٹیکہ کاریوں کے معاملے میں اپ ٹو ڈیٹ رہنا چاہیے۔

ٹیکے کا تحفظ

- ٹیکے **محفوظ اور مؤثر** ہیں۔ ٹیکوں کے تئیں زیادہ تر ردعمل معمولی ہوتے ہیں اور انجیکشن کی جگہ پر درد یا سرخی پر مشتمل ہو سکتے ہیں۔ کسی تشویش کے بارے میں اپنے بچے کے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بات کریں۔
- ٹیکے **خود پسندی کا باعث نہیں بنتے ہیں**۔ سائنسی مطالعوں میں خود پسندی اور ٹیکوں کے بیچ کوئی ربط نہیں پایا گیا ہے۔ مزید معلومات کے لیے، **aap.org** پر امریکن اکیڈمی آف پیڈیاٹرکس (American Academy of Pediatrics) ملاحظہ کریں اور **"parental concerns" (والدین کی تشویشات)** تلاش کریں۔

تجویز کردہ ٹیکہ کاری

- مراکز برائے امراض پر کنٹرول اور روک تھام (Centers for Disease Control and Prevention, CDC) بچوں کے ٹیکوں کے لیے عمر اور مقررہ اوقات کی تجویز کرتے ہیں۔ والدین اور فراہم کنندگان کو ان محفوظ اور مؤثر شیڈولز پر عمل کرنا چاہیے: **cdc.gov** ملاحظہ کریں اور **"immunization schedules" (امیونائزیشن شیڈولز)** تلاش کریں۔
- NYC نگہداشت طفل کے پروگرام، سرکاری اسکول یا نجی اسکول میں جانے والے 2 ماہ سے لے کر 18 سال کی عمر کے بچوں کے لیے مخصوص ٹیکہ کاریوں کا **تقاضا** کرتا ہے۔ اسکول میں امیونائزیشن کے موجودہ شیڈول کے لیے، **nyc.gov/health** ملاحظہ کریں اور **"student vaccines" (طلبہ کے لیے ٹیکے)** تلاش کریں یا اپنے بچے کے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے معلوم کریں۔
- جون 2019 سے، نیو یارک میں طلبہ کے لیے امیونائزیشن کے تقاضوں سے مذہبی استثناء کی **مزید اجازت نہیں ہے**۔

اگر امریکہ سے باہر کا سفر کر رہے ہیں تو کسی تجویز کردہ ٹیکہ کاریوں کے بارے میں اپنے بچے کے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے معلوم کریں۔

ٹریک پر رہیں

NYC میں، پیدائش سے لے کر 18 سال کی عمر تک بچوں کو لگائے گئے تمام ٹیکوں کی رپورٹ نگہداشت صحت فراہم کنندگان کے ذریعے شہر پیما امیونائزیشن رجسٹری (Citywide Immunization Registry, CIR) کو کرنا ضروری ہے۔ اپنے بچے کی ٹیکہ کاری کے ریکارڈز تلاش کرنے کے لیے:

- **nyc.gov/health** ملاحظہ کریں اور **CIR** تلاش کریں۔
- **311** پر کال کریں اور CIR کے بارے میں پوچھیں۔
- اپنے بچے کے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے اعانت طلب کریں۔

اگر آپ کے بچے کے ریکارڈز نہیں مل پاتے ہیں تو اپنے بچے کے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے پوچھ کر معلوم کریں کہ کون سے ٹیکے درکار ہیں۔

نگہداشت تلاش کرنا

ادائیگی کرنے کی اہلیت سے قطع نظر آپ کے بچے کے لیے ٹیکے حاصل کرنے کے کئی طریقے ہیں۔ اپنے بچے کے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بات کریں یا:

- فورٹ گرین ہیلتھ سنٹر (Fort Greene Health Center) (4 سال اور زائد عمر کے بچوں کے لیے) پر تشریف لائیں یا اپنے مضافات میں ٹیکہ کاری کا دیگر مقام **nyc.gov/health/map** پر تلاش کریں۔
- NYC ہیلتھ + ہاسپٹلز (NYC Health + Hospitals) کا مقام **nychealthandhospitals.org/health_care** پر تلاش کریں۔
- کمیونٹی ہیلتھ سنٹر **findahealthcenter.hrsa.gov** پر تلاش کریں۔
- **311** پر کال کریں اور **بچپن میں ٹیکہ کاری کے حوالے (childhood vaccination referrals)** اور اسکول **میں امیونائزیشن کے تقاضے (school immunization requirements)** کے بارے میں پوچھیں۔

وسائل

رابطہ کریں nyc health | nychealth | @nychealthy | nychealth | @nychealthy

مزید جانیں **nyc.gov/health** ملاحظہ کریں اور **child vaccinations (بچے کے لیے ٹیکہ کاریاں)** تلاش کریں۔

تازہ ترین ہیلتھ بلیٹن وصول کریں ای میل **healthbulletins@health.nyc.gov**

دوسری زبانوں میں اس بلیٹن اور صحت سے متعلق دوسرے ترجمہ کردہ مواد کے لیے ملاحظہ کریں **nyc.gov/health/pubs** اپنی زبان میں خدمات حاصل کرنا آپ کا حق ہے۔ یہ خدمات نیو یارک سٹی محکمہ صحت کے سبھی دفاتر اور کلینکوں پر مفت دستیاب ہیں۔